20/04/2026
07.40 / PM

Signature Tune

آداب

سنجو کمار یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کا بلیٹن لےکر میں
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*Kaghot........ ادھمپور ضلع کے علاقے میں دلدوز سڑک حادثے میں21افراد جاں بحق//61دیگر زخمی ۔

*........ صدر جمہوریہ ، وزیر اعظم ، لیفٹنٹ گورنر، وزیر اعلیٰ اور کئی دیگر اہم شخصیات نے حادثے پر کیا دکھ اور صدمے کا اظہار ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ہاتھوں نو شہرہ راجوری میں کئی ترقیاتی پروجیکٹونکا افتتاح ۔

اور

*........ جموں کشمیر میں سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں جاری// مختلف علاقوں سے 14ڈرگ سمگلر گرفتار۔

حادثہ

جموں صوبے کے ادھمپور ضلع میںآج صبح 10بجے Kaghot کے مقام پراُس وقت ایک دلدوز سڑک حادثہ پیش آیا ہے ، جب ادھمپور سے رام نگر جا رہی سواریوں سے کچھا کچھ بری ایک مسافر بس گہری کھائی میں جا گری ۔
وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ اس حادثے میں 21افراد جاں بحق جبکہ 61دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو علاج و معالجے کیلئے نزدیکی اسپتالونمیں بھرتی کرایا گیا ہے ۔ آکاشوانی کے ادھمپور کے نمائندے اچن دوبئے نے خبر دی ہے کہ زخمیوں میں سے کئی ایک کی حالت تشویشناک ہے ۔

صدر تعزیت

صدر جمہوریہ در و پدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حادثے میں ہوئے قیمتی جانوں کے زیاں پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے سوگواروں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔
وزیر اعظم نے مرنے والونکے لواحقین کیلئے وزیر اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو دو لاکھ روپے کی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔جبکہ زخمیونکو فی کس پچاس پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

جتندر

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے بھی اس دلدوز سڑک حادثے میں قیمتی جانیں ضائع ہونے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے سوگواروں کے ساتھ تعزیت کی ہے۔
انہوننے کہا ہے کہ وہ متعلقہ حکام کے ساتھ برابر رابطے میں ہیں اور متاثرین کو ہر ممکن مدد فراہم کی جارہی ہے ۔

ایل جی وزرائ
ادھمپور میں پیش آئے سڑک حادثے میں جاں بحق ہوئے Kaghot لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا مسافروں کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کاا ظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دُعا کی ۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ انہوں نے انتظامیہ ، پولیس ، اور صحت محکمے کو ہدایت دی ہے کہ متاثرین کو ہر ممکن مدد فراہم کی جائے ۔SDRF
دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس حادثے پر رنج و الم ظاہر کیا ہے ۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت متاثرین کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑ ی ہے ۔انہوں نے کہاکہ بچاؤ کارروائیوں تیز کی گئی ہیں اور زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات بہم کرائی جا رہی ہے ۔
نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزراءسکینہ ایتو ،جاوید احمد ڈار، جاوید رانا اور ستیش شرما نے بھی اس حادثے میں قیمتی جانوں کے زیاں پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔

PDP
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے حادثے میں ہوئے قیمتی جانوں کے زیاں پر افسو س کا اظہا رکرتے ہوئے سوگوار وں کے ساتھ یکجہتی کا اظہا رکیا ہے ۔انہوننے کہا کہ زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جانی چاہیے۔
صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے بھی ادھمپور حادثے مینقیمتی جانیں ضائع ہونے PDP پر دکھ کا اظہار کیا ہے ۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں محبوبہ مفتی نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ۔
جن دیگر شخصیات نے اس حادثے پر دکھ کا اظہارکیا ہے ان میں جنتا دل یونائیٹڈ جمونکشمیر کے صدر حکیم محمدیاسینشامل ہیں۔PDFکے صدر جی ایم شاہین ،
ستیش شرما
ادھر خوارک و سول سپلائز کے وزیر ستیش شرما نے گورنمنٹ میڈیکل کالج ادھمپور کا دورہ کرکے وہاں ادھمپور سڑک حادثے میں زخمی ہوئے افراد کودستیاب کرائی جا رہی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوننے ڈاکٹروں اور طبی عملے کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات دستیاب کرائی جانی چاہیے۔

عمر ریلیف
درینا ثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ادھمپور حادثے سے متاثرین کیلئے وزیر اعلیٰ ریلیف فنڈ میں سے فور ی ریلیف کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثے میں جاں بحق ہوئے افراد کے

لواحقین کو فی کس دو دو لاکھ روپے ، شدید طور زخمی ہوئے افراد کو ایک ایک لاکھ روپے ، جبکہ معمولی طور زخمی ہوئے افراد کو 25پچیس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

عمر راجوری
ٹنل پروجیکٹ Sungal وزیر اعلی عمر عبداللہ نے آج نوشہرہ راجوری کے دورے کے دوران وہاں پر ہو رہے کام کی پیشرفت کا بر سر موقعہ جائزہ لیا۔ اس دوران متعلقہ افسروں نے انہیں پروجیکٹ کی موجودہ صورتحال کے بارے میں تفصیلی جانکاری فراہم کی۔ وزیر اعلیٰ نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹ کے معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے اس کی بر وقت تکمیل کویقینی بنائیں تاکہ لوگونکو عبور و مرور کی بہتر سہولیات دستیاب ہوسکیں۔
یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔
ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔
-----Gong-----

مفاہمت نامے
بھارت اور جنوبی کوریا نے کھیل کود ، صنعت کاری اور دیگر شعبوں میں آج چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ۔یہ دستخط آج نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور جنوبی کوریا کے سابق صدر Lee Jae Myung کے درمیان بات چیت کے بعد ایک مشترکہ بیان میں دونوں ملکوں نے پر امن ترقی پذیر اور شمولیاتی انڈو پیسفک کیلئے کاوشیں جاری رکھنے سے اتفاق کیا۔

نشہ مہم
جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں اور سماج سے اس کا قلع قمع کرنے کے لئے پولیس ، انتظامیہ اور مختلف محکمے متحد ہو کر بے مثال کام انجام دے رہے ہیں ۔
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے چند روز پہلے اس ابھیان کا آغاز کرتے ہوئے ڈرگ سمگلروں کے خلاف ایک واضح پیغام میں کہا کہ سماج میں پنپ رہے اس ناسور کی پشت پناہی کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی ۔
----(DRUGS)--LG------
اس بدعت کا خاتمہ کرنے کیلئے لازمی اقدامات کے تعلق سے ایک کرکٹر عابد گُل نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
......Abid Gull.....
پولیس

پولیس نے آج نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت وادی کے مختلف علاقوں سے 12ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے کافی تعداد میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔ ان میں اننت ناگ کے 3، پلوامہ کے4،ہندواڑہ کا ایک ، بارہمولہ کے دو اور بانڈی پورہ و سوپور کا ایک ایک ڈرگ سمگلر شامل ہے۔

کے مختلف معاملات میں ایک ہزار کلو گرام سے زائد نشیلی NDPS پولیس نے اننت ناگ میں اشیاءضبط کی ہے۔

اور بخشی وال Sama Masih پنجاب کےMorh راجوری پولیس نے ضلع کے سلانی علاقے سے نامی دو ڈرگ سمگلرونکو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی Masih پنجاب کے ارون اشیاءبر آمد کی ہے ۔

پولیس نے دچھو زینہ پورہ شوپیان کے شوکت احمد ڈار نامی ڈرگ سمگلر کی دس لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کر دیاہے۔

معاملات سے NDPS افسروں کیلئےInvestigatingپولیس نے سوپور میں پولیس ضلع سوپور کے متعلق تین روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا ۔

پولیس نے سوپور کے مختلف علاقوں میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا ۔

سرنکوٹ میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک بیداری KGBV پونچھ پولیس نے پروگرام کا انعقاد کیا ۔ پولیس نے پونچھ کے دور دراز علاقے کلسان میں بھی ایک منشیات مخالف بیداری پروگرام کا انعقاد کیا ۔

ادھمپور پولیس نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت اقدامات کو جاری رکھتے ہوئے ضلع بھر کے تمام پولیس اسٹیشنوں اور پولیس پوسٹس پر نشان دہی شدہ ڈرگ سمگلروں کی فہرست چسپاں کی ہے۔

راجوری پولیس نے کوٹ رنکا میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک پد یاترا کا انعقاد کیا ۔

پونچھ پولیس نے اس ابھیان کے تحت جامع ضیاءالعلوم ہائر اسکنڈری اسکول میں ایک بیداری پروگرام کاانعقاد کیا ۔ اسی طرح کا ایک پروگرام گورنمنٹ ہائی اسکول بٹل کوٹ میں بھی منعقد کیا گیا۔

پولیس اسٹیشن مینڈھر کی طرف سے کئی تعلیمی اداروں میں طلباءمیں بیداری پیدا کرنے کیلئے کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

میٹنگوں PCPG گاندربل میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت کئی مقامات پر دیہی سطح کی کا انعقاد کیا گیا ۔

## حج

سرینگر ہوائی اڈے سے عازمین حج کی حج بیت اللہ کیلئے روانگی کا سلسلہ احسن طریقے پر جاری ہے ۔ واضح رہے کہ اس سال جموں کشمیر حج کمیٹی کے ذریعے سے جموں کشمیر کے چار ہزار7سو عازمین فریضہ حج ادا کر رہے ہیں۔ عازمین کیلئے مکہ معظمہ اور مدینہ شریف مینتمام تر سہولیات دستیاب کرائی جا رہی ہیں۔ اس تعلق سے جموں کشمیرسٹیٹ حج کمیٹی کے

ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
...........Dr. Shujat...........
سکاسٹ
کیمیاوی کھادوں کے مضر اثرات کو مد نظر رکھتے ہوئے وادی میں ان دنوں حیاتیاتی اور نامیاتی کاشت کاری اپنے عروج کو پہنچ رہی ہے ۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار اس طرز کاشت کاری کو فروغ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔ اس حوالے سے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
...........Dr. Nazir ...........
ریلوے
اب ریل خدمات سے متعلق خبر
----Music----
Rail one app سائنس کالج جموں میںGGM نادرن ریلوے کے جموں ڈویژن کی طرف سے آ ج سے متعلق ایک بیداری اور کونسلنگ مہم کا انعقاد کیا گیا ۔ اس موقعے پر نادرن ریلوے کے کی اہمیت اور Rail one app نے Uchit Singhal جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر فوائد کو اجا گر کیا ۔ انہوں نے کہا کہ اس سہولت سے مسافر گھر بیٹھے ہی مختلف ریلوے سہولیات سے استفاد ہ کر سکتے ہیں۔
------Promo------
ریلوےDIG
جموں کا دورہ کرکے سلامتی صورتحال کا GRP ریلویز جموں کشمیرزاہد نسیم منہاس نےDIG جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ ایک دربار کا بھی انعقاد کیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مسافروں کی سلامتی کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں۔
این سی
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کئے جانے کا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی سرکار کو اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کی انجام دہی میں طرح طرح کے مسائل کا سامنا ہے۔ پلوامہ میں آج ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہاکہ منشیات نے ایک سنگین رُخ اختیار کیا ہے اور لوگوں کو اس بدعت کے خاتمے کیلئے اپنی ذمہ داری ادا کرنی چاہئے۔
اس دوران ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے نائب صدر عمر عبداللہ نے شاعر مشرق علامہ ڈاکٹرسر محمد اقبالؒ کی 86ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا پیغام پوری دنیا کیلئے ایک انمول اور لا فانی سرمایہ ہے ۔
جمعیت ہمدانیہ کے صدر میر واعظ ریاض احمد ہمدانی نے بھی علامہ اقبال کو ان کی برسی پرخراج عقیدت ادا کیا ہے۔
مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں گھریلو رسوئی گیس کی سپلائی معمول کے مطابق جاری ہے ۔ نئی دلی میں آج بین وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس

وزارت کی سیکریٹری سُجاتا شرما نے کہا کہ وزارت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ گھریلو صارفین کو مناسب مقدارمیں گیس سلنڈر دستیاب ہو سکے ۔

پولیس

DIG-SKR جاوید اقبال متو نے آج پلوامہ میں ایک میٹنگ کے دوران سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے سلامتی ایجنسیوں کے ما بین بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔
SSPسانبہ Anuj کمار نے مانسر کا دورہ کرکے وہاں سیاحوں کیلئے کئے گئے سلامتی اقدامات کا جائزہ لیا۔

ایران

ایران نے اس بات سے انکار کیا ہے کہ وہ امریکہ کے ساتھ دوسرے دور کی امن بات چیت کرنے پر رضا مند ہو گیا ہے ۔ ایران کا یہ بیان امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے بیان کے بالکل برعکس ہے ۔ جنہوں نے یہ کہا تھا کہ امریکی مذاکرات کا ر بات چیت کیلئے آج رات پاکستان پہنچ جائیں گے۔

IRNA ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق امریکہ کے ضرورت سے زیادہ مطالبے ، غیر حقیقت پسندانہ امیدیں ، لگاتار موقف بدلنے ، بار بار متضاد بیان اور موجودہ بحری ناکہ بندی ،مذاکرات میں شامل ہونے سے انکار کی وجوہات ہیں۔ اُس نے ناکہ بندی کو جنگ بندی شرائط کی خلاف ورزی قرا ردیا ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت23 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 53 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر07منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ